


4713CH13

# صبح کے نظارے

جاگا ہے بوٹا بوٹا، چٹکا ہے غنچہ غنچہ
چمکا ہے ذرّہ ذرّہ، روشن ہے چپّہ چپّہ
گَردوں پہ جگمگاہٹ کھیتوں میں لہلہاہٹ
چڑیوں کی چہچہاہٹ کلیوں کی مسکراہٹ

© NCERT not to be republished

شبنم کے آئنے کا عکسِ چمن دکھانا
پتّوں کا شاد ہونا اور تالیاں بجانا
پھولوں میں دلکشی ہے، کانٹوں میں تازگی ہے
ہر دل میں اک خوشی ہے، ہر سمت روشنی ہے
وادی، پہاڑ، صحرا ہر ایک جگمگایا
دریا کو جوش آیا ساحل بھی گنگنایا

© NCERT not to be republished



فطرت بہار پر ہے دُنیا نکھار پر ہے
ہر شے ہے خوبصورت، رنگین ہر نظر ہے
سچ پوچھیے تو منظر کیسے ہیں پیارے پیارے
دیتے ہیں لطف کیا کیا یہ صبح کے نظارے

سعادت نظیرؔ

© NCERT not to be republished

## معنی یاد کیجیے

| | | |
|---|---|---|
| نظارہ | : | منظر |
| غنچہ | : | کلی |
| گَردوُں | : | آسمان |
| شاد | : | خوش |
| جوش | : | اُبال، ولولہ |
| فطرت | : | قدرت، نیچر |
| نکھار | : | خوب صورتی، رونق |

## سوچیے اور بتایئے۔

1. ''بوٹا بوٹا جاگنے'' سے کیا مراد ہے؟
2. چپّہ چپّہ کیوں روشن ہے؟
3. ''گردوں پہ جگمگاہٹ'' کا کیا مطلب ہے؟
4. صبح کے وقت ہر شے خوب صورت کیوں ہو جاتی ہے؟

5. اس نظم میں صبح کا جو منظر بیان کیا گیا ہے اسے اپنے لفظوں میں لکھیے۔

## مصرعوں کو مکمل کیجیے۔

1. چمکا ہے ______ روشن ہے چپّہ چپّہ
2. چڑیوں کی چہچہاہٹ کلیوں کی ______
3. پتّوں کا ______ ہونا اور ______ بجانا
4. ہر دل میں اک خوشی ہے ہر سمت ______ ہے
5. دریا کو جوش آیا ______ بھی ______
6. ہر شے ہے خوب صورت ______ ہر نظر ہے
7. دیتے ہیں ______ کیا کیا یہ صبح کے نظارے

## نیچے دیے ہوئے لفظوں کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے۔

جگمگاہٹ لہلہاہٹ چہچہاہٹ مسکراہٹ عکس

تازگی جوش نکھار نظر منظر لطف

## واحد سے جمع بنائیے۔

ذرّہ دنیا شے منظر وادی

## ان لفظوں کے متضاد لکھیے۔

جاگا شاد روشنی خوشی خوبصورت

© NCERT not to be republished

## نیچے دیے ہوئے مصرعوں کو ترتیب سے لکھیے۔

فطرت بہار پر ہے دُنیا نکھار پر ہے

پھولوں میں دلکشی ہے کانٹوں میں تازگی ہے

چمکا ہے ذرّہ ذرّہ روشن ہے چپّہ چپّہ

ہر شے ہے خوبصورت رنگین ہر نظر ہے

ہر دل میں اک خوشی ہے ہر سمت روشنی ہے

جاگا ہے بوٹا بوٹا چٹکا ہے غنچہ غنچہ

دریا کو جوش آیا ساحل بھی گنگنایا

شبنم کے آئنے کا عکسِ چمن دکھانا

وادی، پہاڑ، صحرا ہر ایک جگمگایا

پتوں کا شاد ہونا اور تالیاں بجانا

دیتے ہیں لطف کیا کیا یہ صبح کے نظارے

## املا درست کیجیے۔

ذرّا اکس طالیاں طازگی سحرا ساہل فترت نزر لتف

## عملی کام

- اس نظم کا مطلب اپنے لفظوں میں لکھیے۔
- اپنے لفظوں میں شام کے نظارے بیان کیجیے۔

© NCERT not to be republished

# غور کرنے کی بات

- اس نظم میں شاعر نے صبح کے نظاروں کا نہایت خوب صورت اور دلکش انداز میں نقشہ کھینچا ہے۔ صبح کے نظاروں کے ساتھ کائنات کے تمام جاندار اپنے اپنے کام میں مصروف ہو جاتے ہیں۔ ہم سب اپنے کام صبح سے ہی شروع کر دیتے ہیں خواہ وہ اسکول جانا ہو یا روز مرّہ کے کام کاج ہوں۔ صبح ہوتے ہی زندگی کی چہل پہل شروع ہو جاتی ہے۔ ہر جاندار اپنے اپنے کام میں مصروف ہو جاتا ہے۔

© NCERT not to be republished